شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

17فروری2023ء

پریس ریلیز

انتشار اور خلفشار کے خاتمہ کے لیے فوری انتخابات ناگزیر ہیں۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): انتشار اور خلفشار کے خاتمہ کے لیے فوری انتخابات ناگزیر ہیں۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے قرآن اکیڈمی لاہور میں خطاب جمعہ کے دوران کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ اگرچہ تنظیم اسلامی انقلابی جدوجہد کے ذریعے پاکستان میں اسلامی نظام قائم کرنے کی قائل ہے لیکن ہمارا ہمیشہ یہ مؤقف رہا ہے کہ جب تک پاکستان میں اسلام کا عادلانہ نظام قائم نہیں ہو جاتا اُس وقت تک سول یا فوجی آمریت کی بجائے پاکستان میں مستحکم جمہوری طرزِ حکومت ہونا چاہیے۔ اُنہوں نے کہا کہ اس وقت حریف سیاسی جماعتوں میں اختلافات شدید محاذ آرائی کی صورت اختیار کر چکے ہیں جس سے ملک بدترین سیاسی عدم استحکام سے دوچار ہے۔ اِسی کا نتیجہ ہے کہ معاشی صورتِ حال بھی بُری طرح بگڑ گئی ہے لہٰذا ضرورت اس امر کی ہے کہ سیاسی جماعتیں عوام سے فریش مینڈیٹ حاصل کریں۔ اُنہوں نے کہا کہ جہاں تک پنجاب اور خیبر پختونخواہ کی تحلیل شدہ اسمبلیوں کا تعلق ہے وہاں 90 روز کے اندر انتخابات کروانا آئین کا تقاضا ہے۔ ماضی میں آئین سے انحراف کی پاکستان بڑی قیمت ادا کر چکا ہے۔ لہٰذا صرف دو صوبوں میں انتخابات کروانے کی بجائے قومی مفاد یہ ہے کہ فریقین مذاکرات کے ذریعے عام انتخابات کے انعقاد پر متفق ہو جائیں اور تمام متعلقہ ادارے آئین کی پاسداری کرتے ہوئے انتخابات کے انعقاد کے لیے مطلوبہ تعاون فراہم کریں تاکہ اس حوالے سے تمام مراحل خوش اسلوبی سے طے پاسکیں۔ اُنہوں نے کہا کہ کامیاب ہونے والی جماعت یکسوئی سے پاکستان کے معاشی مسائل کا حل کرے۔ اُنہوں نے کہا کہ انتخابات کے انعقاد میں جتنی تاخیر ہوگی وہ ملکی سلامتی کے لیے خطرہ بن جائے گی۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

TANZEEM-E-ISLAMI

<u>PRESS RELEASE</u>: Friday 17 February 2023

"Elections are the need of the hour to overcome the chaos and instability in the country."

(<u>Shujauddin Shaikh</u>)

Lahore (PR): "Elections are the need of the hour to overcome the chaos and instability in the country."

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, during the Khitab e Jumu'ah at Qur'an Academy Lahore. The Ameer said that Tanzeem-e-Islami hold firmly the belief that the Islamic system must be established in Pakistan through a (non-violent and organized) revolutionary movement, however, we have always stated that until the system of Islamic social justice is enforced in the country, Pakistan should make use of a democratic form of governance instead of civilian or military autocratic rule. He said that the differences among rival political parties, today, have turned into bitter enmity, which is causing enormous political instability in the country. Consequently, the country is facing the most terrible economic woes. Therefore, it is the need of the hour that political parties get fresh mandate from the mases. As far as the dissolved assemblies of Punjab and KP are concerned, it is a constitutional requirement to hold elections there within 90 days. The fact is that Pakistan has paid a steep price in the past due to subversion of the constitution. Therefore, it would be in the national interest that all political parties negotiate and agree on a date to call a general election, instead of holding elections in only two provinces. All state institutions should provide the required assistance toward that end, thereafter. The party that comes into power after that ought to, then, focus on solving the economic problems of Pakistan. The Ameer concluded by stating that delay in holding elections would only increase the danger to the national security of Pakistan.

Issued by
Ayub Baig Mirza
Markazi Nazim of Press and Publications Section
Tanzeem-e-Islami, Pakistan